K17U 2586

GOVT. BRENNEN COLLEGE LIBRARY THALASSERY

Reg. No.: ....

Name : ....

I Semester B.A. Degree (C.B.C.S.S.-Reg.) Examination, November 2017
CORE COURSE IN URDU
1B01 URD : Afsane Aur Novel
(2017 Admn.)

Time : 3 Hours　　　　Max. Marks : 40

I. صحیح جواب چن کر لکھیں۔　　(8×1=8)

۱) ٹوبہ ٹیک سنگھ کا مصنف کون ہے ؟

(راجندر سنگھ بیدی۔ سعادت حسن منٹو۔ قرۃ العین حیدر)

۲) اردو ادب میں افسانہ کس کی دین ہے ؟

(مغربی ادب۔ مشرقی ادب۔ سنسکرت ادب)

۳) قرۃ العین حیدر کے ایک افسانے کا نام لکھئے۔

(اپنے دکھ کو مجھے دے دو۔ نظارہ درمیاں ہے۔ کفن)

۴) اردو افسانہ ہندوستان کے کس دور کی پیداوار ہے۔

(ہنگامی۔ اقتصادی۔ عبوری)

۵) الماس کے والد نے خورشید عالم کو ماہوار کتنے روپیوں پر ملازم رکھ لیا؟

(پندرہ سو۔ دس سو۔ بارہ سو)

۶) کس افسانہ نگار پر فحش نگاری کے جرم میں مقدمہ چلایا گیا؟

(عصمت چغتائی۔ حیات اللہ انصاری۔ سعادت حسن منٹو)

۷) ٹوبہ ٹیک سنگھ کا اصل نام کیا تھا؟

(سرجیت سنگھ ، خوشونت سنگھ ، بشن سنگھ)

۸) مادھو کی بیوی کا نام کیا تھا؟

(گھیسو۔ بدھیا۔ دھنیا)

P.T.O.

II. ذیل کے کسی چھ سوالوں کے جواب ایک دو جملوں میں لکھیے۔ (6×1=6)

۹) مادھو اور گھیسو کس کے سامنے خاموش بیٹھے ہوئے ہیں؟

۱۰) کوئی دو ترقی پسند افسانہ نگاروں کے نام لکھیے۔

۱۱) افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کا مرکزی خیال کیا ہے؟

۱۲) ڈپٹی نذیر احمد کے کوئی دو ناولوں کے نام لکھیے۔

۱۳) کردار نگاری کے دو طریقے کون کونسے ہیں؟

۱۴) افسانے کی تعریف کیجئے۔

۱۵) نذیر احمد کے ناولوں کا موضوع کیا تھا؟

۱۶) گھیسو اور مادھو کب مزدوری کی تلاش میں باہر نکلے تھے؟

۱۷) پریم چند کے افسانوں کے دو اہم موضوع کیا ہیں؟

III. کسی پانچ سوال کے جواب ایک ایک پیراگراف میں لکھیے۔ (5×2=10)

۱۸) ناول کے اجزائے ترکیبی پر بحث کیجئے۔

۱۹) اسلوب کے مختلف اقسام کیا کیا ہیں؟

۲۰) گھیسو اور مادھو کب مزدوری کی تلاش میں باہر نکلے تھے؟

۲۱) کیوں ایسا کہا جاتا ہے کہ ناول سمندر ہے تو افسانہ دریا ہے؟

۲۲) قرۃالعین حیدر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

۲۳) اردو میں افسانہ نگاری کے ابتدائی نقوش کہاں دیکھے جاسکتے ہیں! بیان کیجئے۔

۲۴) یوروپین وارڈ میں بند دو اینگلو انڈین پاگل کیا سوچا کرتے تھے؟ بیان کیجئے۔

۲۵) تارا بھائی کے کردار کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

IV. کسی دو سوال کا جواب تفصیل سے لکھیے جو تین سو الفاظ سے کم نہ ہو۔ (2×8=16)

۲۶) کفن پریم چند کا شاہکار افسانہ کیوں مانا جاتا ہے؟

۲۷) مراۃالعروس کا مرکزی خیال کیا ہے؟ واضح کیجئے۔

۲۸) افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں پاگل خانے کا منظر کس طرح پیش کیا گیا ہے؟

۲۹) اپنے دکھ مجھے دے دو کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔